# CTE Summer Camps

Fairfax County PUBLIC SCHOOLS
ENGAGE • INSPIRE • THRIVE

**CTE** موسم گرما کے پروگرام میں رجسٹر کر کے، آپ Tech Adventure Camp یا CTE Summer Academy میں خوش آمدید! لیبارٹری کی حفاظت ، ڈیجیٹل وسائل اور کھانے کی ہدایات سے اتفاق کرتے ہیں۔ **ایسے طلبہ و طالبات، جو ان ضوابط سے اتفاق نہیں کریں گے، وہ ایسی کسی بھی سرگرمی میں حصہ نہیں لے سکیں گے، جس میں حفاظتی اقدامات شامل ہیں۔**

**لیبارٹری کا حفاظتی معاہدہ**

اساتذہ کی منظوری کے ساتھ، طلبہ و طالبات ان پروگراموں میں دستیاب آلات اور سامان استعمال کر سکتے ہیں۔ کلاس روم اور لیب کا ماحول محفوظ رکھنے کے حوالے سے، طلبہ وطالبات کے لیئے، حفاظتی طریقہ کار سے آگاہی اور حفاظتی قوانین پر عمل کرنا ضروری ہے۔ استعمال ہونے والے، تمام آلات اور سامان سے متعلق، حفاظتی ہدایات فراہم کی گئی ہیں۔ مناسب حفاظتی طریقہ کار سمجھنے اور ان پر عمل کرنے سے، آپ کے طالب علم (طلباء) کو، فراہم کردہ تعلیمی مواقع سے، فائدہ اٹھانے میں، مدد ملے گی۔ طلبہ وطالبات کے لیئے، ضروری ہے کہ وہ درج ذیل بیان کردہ حفاظتی قوانین پر، عمل کریں:

1. لیب کے اندر ہمیشہ آنکھوں کا حفاظتی آلہ پہنیں
2. ڈھیلے لباس تبدیل یا انہیں ٹھیک کریں اور آستینیں کہنیوں سے، اُوپر چڑھالیں
3. لیب میں موجودگی کے دوران، بند جوتے پہنیں
4. ٹیچر کی ہدایات کے مطابق، محفوظ لباس پہنیں
5. لمبے بال باندھ لیں اور ضرورت پڑنے پر، ٹوپی پہن لیں
6. مشینوں کے حفاظتی قوانین کے مطابق، زیورات اُتار دیں
7. تیز دھار یا نوک والے آلات نیچے کی طرف کر کے رکھیں اور خود سے اور دوسروں سے دُور رکھیں
8. جب تک کہ آپ کو، یہ معلوم نہیں ہو جاتا کہ یہ آلہ کس طرح کام کرتا ہے، اُسے استعمال مت کریں؛ مدد درکار ہونے کی صورت میں اپنے ہدایتی عملے سے رجوع کریں
9. کام ختم ہوتے ہی فوری طورپر آلات اور سامان اُن کی مناسب جگہ پر، رکھ دیں
10. آلات، مشینوں اور حفاظتی جگہ کے حوالے سے، بتائے گئے، تمام قوانین پر عمل کریں
11. صرف وہی سامان استعمال کریں، جس کی اجازت آپ کے ٹیچر کی طرف سے، آپ کو دی گئی ہے
12. غیرمحفوظ صورتحال، ٹوٹے ہوئے اور ناکارہ آلات کے بارے میں، فوراً اپنے ٹیچر کو، آگاہ کریں
13. چھوٹے بڑے ہر قسم کے حادثات کی اطلاع فوراً اپنے ٹیچر کو دیں
14. آلات کا استعال کرتے ہوئے، دوسروں سے بات چیت یا دھیان ہٹانے سے گریز کریں
15. لیب میں بھاگنے، چیزیں پھینکنے، "اودھم مچانے" اور غیرضروری آوازیں نکالنے سے، گریز کریں .

نوٹ: کلاس روم اور لیب والے حصے میں، آلات نصب ہونے کی وجہ سے، کسی بھی طرح کی لڑائی یا جھگڑے کا نتیجہ کیمپ سے، بے دخلی کی صورت میں نکلے گا۔ ہر آلے کو، ایک ہتھیار کے طور پر، لیا جائے گا! رقم واپس نہیں کی جائے گی۔

**ڈیجیٹل وسائل کا استعمال**

**یہ خط گھرانوں کے تعلیمی حقوق اور رازداری کے ایکٹ کے (FERPA) تحت، گھر بھیجا گیا ہے، اس میں آپ کو ان حفاظتی اقدامامت سے آگاہ کیا گیا ہے، جو FCPS ڈیجیٹل وسائل کے استعمال کے دوران، آپ بچے کی معلومات محفوظ رکنے کے حوالے سے کرتے ہیں۔ اس فارم پر دستخط کر کے آپ اپنے بچے کے لیئے، اس بات کی رضامندی کا اظہار کر رہے ہیں کہ وہ تعلیمی پروگرام کے حصے کے طور پر، FCPS کی طرف سے منظورشدہ درج ذیل آن لائن ذرائع استعمال کر سکتا ہے۔**

Fairfax County Public Schools طلبہ و طالبات کی تعلیمی مدد کے لیئے، بہت سے وسائل استعمال کرتے ہیں۔ ایسے معاملات میں جہاںFCPS کسی وینڈر کے ساتھ طلبہ وطالبات کی معلومات کی میزبانی کے لیئے، معاہدہ کرتا ہے، FCPS کی طرف سے تقاضا کیا جاتا ہے کہ وینڈر اپنے معاہدوں میں شامل رازداری کے معاہدے کے مطابق، سیکیورٹی اور رازداری کی ضروریات پر عملدرآمد کرے۔ FCPS کے پاس، ہر تعلیمی ذرائع کے وینڈر کے ساتھ ، معاہدہ طے نہیں ہے۔ بہت سے اہم تعلیمی ذرائع Terms of Service (TOS) کے زیرانتظام، ہوتے ہیں اور ان میں مفت اور اداشدہ، دونوں طرح کے وسائل شامل ہوتے ہیں۔ آپ کے بچے کے استعمال میں شامل کچھ وسائل کے لیئے، اس سال والدین کی رضامندی درکار ہے۔

اساتذہ سی ٹی ای سمر کیمپ میں [FCPS Digital Ecosystem Library](https://del.fcps.edu/) (https://del.fcps.edu/) دیئے گئے کسی بھی ڈیجیٹل آلات کو استعما ل کرنے کیلئے منتخب کرسکتے ہیں۔ ان میں سے بعض آلات استعمال کرنے کیلئے والدین کی منظوری لازم ہے۔ ان ذرائع کا دھیان سے جائزہ لیا گیا ہے تا کہ اس بات کی یقین دہانی کی جا سکے کہ یہ FCPS کے تعلیمی معیار کے ساتھ مطابقت رکھتے ہیں اور FCPS کی طرف سے ان تمام وسائل کی ایک جیسی تکنیکی جانچ کی جاتی ہے، جہاں طلباء کی معلومات جمع ہوتی ہیں۔ ان اداروں کو، آپ کے بچے کی بعض مخصوص معلومات تک، رسائی حاصل ہو سکتی ہم، جو ان کے فرائض کی فراہمی کے لیئے، ضروری ہے، جس میں درج ذیل شامل ہے مگر ان ہی تک محدود نہیں، فیئرفیکس کاؤنٹی پبلک اسکول کے طالب علم کے حقوق و فرائض میں بیان کردہ ڈائریکٹری کی معلومات اور اس کے علاوہ کسی بھی طالب علم کی طرف سے، متعلقہ ایپلی کیشنز پر تیار گیا کام شامل ہے۔

اپنے بچے کے استعمال میں آنے والے، خصوصی وسائل سے متعلق معلومات کے لیئے، براہ مہربانی Beth Mehr سے رابطہ قائم کریں۔ اگر اس فہرست میں کوئی اضافی وسائل شامل کیئے گئے تو آپ کو اطلاع فراہم کر دی جائے گی اور ان وسائل کے انتخاب سے متعلق، والدین کی رضامندی کا موقع بھی فراہم کیا جائے گا۔ اس کے علاوہ، FCPS ایسے ڈیجیٹل وسائل بھی استعمال کر سکتے ہیں جو کسی بھی طرح کی ذاتی معلومات اکھٹی، استعمال یا جاری نہیں کرتے۔
FCPS کی طرف سے طلباء کی رازداری کے معاہدہ سے متعلق، اضافی معلومات [https://www.fcps.edu/resources/technology/digital-citizenship-internet-safety/digital-privacy-fcps](https://www.fcps.edu/resources/technology/digital-citizenship-internet-safety/digital-privacy-fcps) پر ملاحظہ کی جا سکتی ہیں اور منظور شدہ تمام ڈیجیٹل وسائل کی ایک فہرست آن لائن [FCPS Digital Ecosystem Library](https://del.fcps.edu/) (https://del.fcps.edu/) پر دستیاب ہے، جہاں وینڈر پرائیوسی نوٹس کے لنکس اور دیگر مفید معلومات شامل ہیں۔

یہ اجازات سمرلرننگ پروگرام کے اواخر تک ختم ہوجائے گی۔

سی ٹی ای سمر کیمپ میں اندراج کرکے،آپ اپنے طالبعلم کیلئے FCPS کے منظور شدہ ڈیجیٹل آلات استعمال کرنے کی اجازت دے رہے ہیں۔

## کھانے سے متعلق معاہدہ

کچھ کلاسوں میں، طلبہ وطالبات کو، کھانے پکانے کے فن کو سیکھنے کی اجازت ہو گی۔ رجسٹریشن کے عمل کے دوران، آپ سے آپ کے بچے کے کھانے سے متعلق، کوئی بھی یا تمام تشویش کے بارے میں پوچھا جائے گا۔ اپنے بچے کو، رجسٹر کر کے آپ کھانے پکانے کے ماہر اساتذہ کو، اس بات کی اجازت دیتے ہیں کہ کھانے سے متعلق، الرجیز یا حساسیت کے حوالے سے، کوئی بھی سوال یا تشویش ہونے کی صورت میں، وہ آپ سے رابطہ کر سکتے ہیں۔

اساتذہ ان معلومات کو، ایسا مینیو پلان کرنے میں استعمال کریں گے، جس میں کھانے پینے کی الرجیز کے، کم سے کم امکانات پیدا ہوں۔ بد قسمتی سے، ہم آپ کو، اس بات کی کوئی ضمانت نہیں دے سکتے کہ آپ کا بچہ الرجیز کا بالکل بھی سامنا نہیں کرے گا۔ **براہ مہربانی الرجیز سے متعلق، اپنے بچے کے ساتھ بات چیت کریں اور ان کی حوصلہ افزائی کریں کہ کھانے پینے کی ایسی کسی بھی چیز سے، پرہیز کریں، جس سے الرجی ہونے کا خطرہ ہو۔**

CTE موسم گرما کے پروگرام میں رجسٹر کر کے، آپ لیبارٹری کی حفاظت ، ڈیجیٹل وسائل اور کھانے کی ہدایات سے اتفاق کرتے ہیں۔ آپ اپنے طالب علم کو، اس بات کی اجازت دیتے ہیں کہ وہ کلاس روم میں، موجود ایسے کوئی بھی آلات اور سامان استعمال کر سکتا ہے، جن کے لیئے، حفاظتی اقدامات درکار ہوتے ہیں۔ رجسٹریشن کا عمل مکمل کرنے سے یہ بات ظاہر ہوتی ہے کہ آپ اپنے بچے کے ساتھ، لیبارٹری کی حفاظت اور کھانا پکانے کے قوانین کا جائزہ لے چکے ہیں اور اس بات کو، سمجھتے ہیں کہ آپ کا بچہ ایسے آلات اور مشینیں استعمال کرے گا، جن کے لیئے، اضافی حفاظتی اقدامات درکار ہوتے ہیں۔ اس کے علاوہ، کھانے پینے کی اشیاء سے، الرجی یا حساسیت سے متعلق، کوئی بھی سوال یا تشویش ہونے کی صورت میں، کھانا پکانے کے ماہر اساتذہ کو، آپ سے رابطہ کرنے کی ضرورت پڑ سکتی ہے۔

اگر آپ کوئی سوال پوچھنا چاہتے ہیں تو براہ مہربانی CTE کی ماہر تعلیم، Beth Mehr سے، بذریعہ ای میل(bgmehr@fcps.edu) یا فون (571-423-4161) پررابطہ کریں۔